امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم الله الرحمن الرحيم

## درس:۱

# حروف تہجی

اہمیت قرآن کے متعلق مختلف احادیث بیان ہوئی ہیں منجملہ رسول اللہ ﷺ کی حدیث کہ جسمیں آپ نے فرمایا: قال رسول الله ﷺ : خيركم من تعلم القرآن وعلمه تم میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن کو سیکھے اور دوسروں کو سیکھائے۔

رسول اللہ ﷺ نے جناب سلمان سے فرمایا:» :يا سَلْمانُ عَلَيْكَ بِقِراءَةِ القُرآنِ فَإنَّ قَراءَتَهُ كَفّارَةٌ لِلذُّنوبِ، وَ سَتْرَةٌ مِنَ النّارِ، وَ آمانٌ مِنَ الْعَذابِ ۔ اے سلمان قرآن کی تلاوت کرو اس لئے کہ قرآن گناہوں کا کفّارہ ہے اور آتش جہنم سے نجات کا سبب ہے اور عذاب سے امان ہے۔

اور امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا:الله الله فی القرآن لا يسبقكم بالعمل به غيركم۔ قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا، ایسا نہ ہو کہ دوسرے اس پر عمل کرنے میں تم پر سبقت لے جائیں۔

- تعلیم قرآن کے تین شعبہ ہیں:
  - قرائت قرآن
  - فہم معنی
  - تفسیر قرآن
- تجوید کے معنی: عربی میں تجوید کو خوبصورت بنانا اور آرستہ کرنا کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
- قواعد تجوید سیکھنے کی ضرورت:
  - ہر زبان کا خاص انداز بیاں اور لہجہ ہوتا ہے، اسی طرح عربی زبان کا خاص لہجہ ہے۔قرآن مجید عربی زبان میں ہے اس لئے اس مقدس کتاب کی تلاوت کے لئے عربی کا صحیح لہجہ سیکھنا ضروری ہے تاکہ اللہ کی کتاب کی اچھے لہجہ میں تلاوت کی جاسکے۔
    مثلا: قُل کو کل نہ کہا جائے، علیم کو الیم نہ کہا جائے۔
  - علم تجوید میں ایک بہت اہم درس ہے جسکو وقف اور ابتدا کہا جاتا ہے۔ اگر وقف اور ابتدا کے احکام کی رعایت نہ کی جائے تو معنی بالکل الٹے ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ مثال میں بیان ہوا 'رو کو مت جانے دو'۔
- حروف تہجی کی تعداد:

⊕ ImamSadiq.tv

- عربی زبان میں حروف تہجی کی تعداد میں اختلاف ہے: پہلا نظریہ ہے کہ حروف تہجی ۲۸ ہیں۔اس لئے کہ الف حروف میں شامل نہیں ہے کیونکہ الف کی خود کوئی الگ آواز نہیں ہے۔
- دوسرا نظریہ میں بیان ہوتا ہے کہ ۲۹ حروف تہجی ہیں،انکی دلیل یہ ہے کہ اگرچہ الف کی الگ آواز نہیں ہے لیکن آواز کو کھینچنے کا سبب بنتا ہے اس لئے الف کو بھی حروف میں شامل کرنا چاہئے۔

ImamSadiq.tv

- عربی زبان کے حروف تہجی:

همزه ب ت ث ج
ح خ د ذ ر
ز س ش ص ض
ط ظ ع غ ف
ق ك ل م ن
و ه ي

- وہ حروف جنکا تلفظ اردو میں مختلف ہے۔

ث ح ذ ص ض
ط ظ ع ق و